# سلووینیا کے وفد سے ملاقات

ملک سلووینیا سے دو فیملیز سمیت 10 افراد پر مشتمل وفد آیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ان سب کا تعارف حاصل کیا اور ان سے جلسہ کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

اس وفد میں ایک دوست Zmago Pavlicic (زماگو پاوِلچ) تھے جو بطور ترجمان کے کام کرتے ہیں اور کچھ عرصہ سے جماعتی لٹریچر کو سلووینین زبان میں ترجمہ کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ جلسہ میں شامل ہونے سے پہلے ان کا جماعت کے متعلق تعارف صرف پڑھنے تک محدود تھا لیکن جلسہ میں شامل ہو کر اور جلسہ کا ماحول دیکھ کر اب یقین ہو گیا ہے کہ جو بھی انہوں نے جماعت کے بارہ میں پڑھا تھا وہ سب حقیقت پر مشتمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلسہ میں آنے سے پہلے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کا مشہور قول 'محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں' پڑھا تھا۔ لیکن جلسہ میں مختلف لوگوں سے مل کر اور جلسہ کا ماحول دیکھ کر اب اس قول کو انہوں نے حقیقت میں بھی دیکھ لیا کہ جماعت کے سب افراد اس قول پر عمل کرنے والے ہیں۔

حضور انور سے ملاقات ختم ہونے کے بعد انہوں نے بتایا کہ ملاقات میں جماعت احمدیہ کے خلیفہ ہر عنوان پر بات کرنے کے لئے تیار تھے۔ جماعت کے خلیفہ کو اتنے سوال پوچھے جا رہے تھے اور آپ سب کے جواب خوشی سے دیتے چلے جا رہے تھے۔

❁ اسی طرح ایک دوست Janko Ivan Bercic (ینکو ایون بر چچ) صاحب تھے۔ موصوف آئی ٹی اور Designing کا کام کرتے ہیں اور آجکل سلووینین فلائرز اور ویب سائٹ کی Designing میں مدد کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جلسہ کا انتظام دیکھ کر اور مختلف لوگوں سے مل کر مجھے بہت خوشی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے یہ کبھی اپنی زندگی میں نہیں دیکھا کہ ایک ہی آرگنائزیشن کے سارے افراد اتنے اچھے اور اتنی محبت کرنے والے ہیں۔ سب لوگ اچھے اخلاق اور نرمی سے پیش آنے والے تھے۔

حضور انور سے ملنے کے بعد انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسا موقع تھا اور ایک ایسی ملاقات تھی جو میں کبھی نہیں بھولوں گا۔ یہ زندگی کے ایسے لمحات ہوتے ہیں جو کبھی دوبارہ نہیں آئیں گے۔

❁ ایک دوست Parassat Kenzhegaliyev اسد صاحب اپنی اہلیہ اور تین بچوں کے ساتھ جلسہ میں شامل ہوئے تھے۔ اس فیملی کا تعلق قرغیزستان سے ہے اور 8 سال سے سلووینیا میں رہ رہے ہیں۔ اسد صاحب نے چند سال ترکی میں اسلامی مدرسہ میں بھی تعلیم حاصل کی ہے۔ انہیں جماعت کے متعلق کچھ غلط معلومات بھی تھیں جو اَب اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس جلسہ میں شامل ہونے کے بعد دُور ہو گئی ہیں۔

موصوف نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہاں جلسہ کا انتظام بہت اعلیٰ تھا۔ یہاں سب کچھ اچھا تھا۔ میں نے ہر جگہ آپس میں پیار اور محبت ہی دیکھا ہے۔ اتنی بڑی تعداد یہاں ہے اور کسی قسم کی کوئی پرابلم نہیں ہے۔ کوئی Disturbance نہیں ہے۔

کروشیا اور سلووینیا کے وفد کی ملاقات آٹھ بج کر پچاس منٹ تک جاری رہی۔ اس کے بعد دونوں وفود کے ممبران نے باری باری حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ملاقات کے آخر میں طلباء اور طالبات کو قلم عطا فرمائے جبکہ بچوں کو ازراہ شفقت چاکلیٹس عطا فرمائیں۔